# 09-05-2025  URDU NEWS BULLETIN 17.50 HRS

سرخیاں

۱۔مرکزی وزیرزراعت وخاندانی بہبودشیوراج سنگھ چوہان کا کہنا ہے کہ ملک میں مناسب خوراک کے ذخائر دستیاب ہیں۔

۲۔تلنگانہ کے نائب وزیراعلیٰ ملوبھٹی وکرامارکہ نے ریاست کی امن وضبط صورتحال کے جائزہ کیلئے ایک اعلیٰ سطحی اجلاس کی صدارت کی۔

۳۔عالمی مقابلہ حسن کا کل سے حیدرآباد میں آغاز ہورہا ہے۔ایونٹ کی تمام تیاریاں مکمل کرلی گئی ہیں۔

اور

۴۔بی سی سی آئی نے آئی پی ایل رواں سیزن کے باقی میچوں کوایک ہفتے کے لئے معطل کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔

MEA Briefing

ہندوستان اور پاکستان کے بیچ کشیدگی پروزارت خارجہ نے اب سے کچھ دیر  صورتحال سے میڈیا کوواقف کرایا۔خارجہ سکریٹری وکرم مسری  نے بتایا کہ پاکستان نے گذشتہ رات ہندوستان کونشانہ بنانے کے لئے تین سو سے چارسوڈرونس کا استعمال کیا ہے تاہم پاکستان کے حملوں کوناکام بنادیا گیا ہے۔ خارجہ سکریٹری نے کہا کہ پاکستان نے کل اپنا ایئرسپیس بند نہیں کیا تھااورشہری طیارے کوآپریٹ کرنے کی اجازت دی تھی۔

Sound byte -  Vikram Misri

پریس بریفنگ کے دوران ونگ کمانڈر ویومیکا سنگھ نے کہا کہ پاکستان نے ملک کے 36 مقامات کونشانہ بنانے کی کوشش کی۔

Sound byte - Vyomika Singh

پریس بریفنگ کے دوران جانکاری دی گئی کہ  جموں کشمیر کے پونچھ میں پاکستان  کی شیلنگ  میں  کنوینٹ اسکول کے دو طلبا کی موت ہوئی ہے

FOOD

مرکزی وزیرزراعت وخاندانی بہبودشیوراج سنگھ چوہان کا کہنا ہے کہ ملک میں مناسب خوراک کے ذخائر دستیاب ہیں۔ مرکزی وزیرنے شہریوں سے کسی بھی ہنگامی صورت کے دوران پرسکون رہنے پرزوردیا۔

Sound byte - Shivraj singh chauhan

انہوں نے کہا کہ اس مرتبہ اچھی فصل ہوئی ہے اورآئندہ فصل بھی بہتر رہنے کی امید ہے۔نئی دہلی میں آج میڈیا سے بات

چیت کرتے ہوئے شیوراج سنگھ چوہان نے کہا کہ حکومت جموں وکشمیر اور پنجاب سے بات کرے گی اور بیجوں کا انتظام کرے گی اور حالات کے حساب سے وزرائے اعلیٰ سے مشاورت کرتے ہوئے پودوں کا بھی انتظام کرے گی۔

Chief InformationCommisioner:

تلنگانہ کے گورنر جشنو دیو ورما نے جی چندر شیکھر ریڈی کو اسٹیٹ چیف انفارمیشن کمشنر کے عہدے کا حلف دلایا۔ ریٹائرڈ آئی ایف ایس آفیسر تین برسوں تک اس عہدے پر فائز رہیں گے۔ راج بھون حیدرآباد میں حلف برداری تقریب منعقد ہوئی۔

Special Officer:

محکمہ پنچایت راج نے سرسوتی پشکرالو کے دوران صفائی کاموں کی نگرانی کے لئے خصوصی افسروں کا تقرر کیا ہے۔ مختلف سطحوں پر پچاس افسروں کا تقرر کیا گیا ہے۔ محکمہ نے اس ضمن میں احکامات جاری کئے اور انھیں جئے شنکر بھوپل پلی ضلع کلکٹر سے رجوع کرنے کی ہدایت دی ہے۔

Miss World

عالمی مقابلہ حسن کا کل سے حیدرآباد میں آغاز ہو رہا ہے۔ انڈور اسٹیڈیم گچی باؤلی میں افتتاحی تقریب منعقد ہوگی۔ ملک میں مسلسل دوسرے سال یہ مقابلہ حسن منعقد کیا جا رہا ہے۔ سال 2024 میں ممبئی میں یہ ایونٹ منعقد ہوا تھا۔ سرکاری حکام کے مطابق دنیا بھر سے 115 کنٹسٹنٹ 72 ویں عالمی مقابلہ حسن میں شرکت کے لئے پہنچ چکے ہیں جبکہ چند کنٹسٹنٹ جلد ہی تشریف لائیں گی۔ سرکاری اعلامیہ کے مطابق مس ورلڈ تھیم ۔۔ خوبصورتی، ایک مقصد کے تحت ۔۔ ہر مندوب اپنے ساتھ منفرد ثقافتی شناخت اور بامقصد مشن لے کر آیا ہے۔ ہندوستان، امریکہ، وینیز ویلا اور جنوبی افریقہ سمیت ہر برِ اعظم کے مما لک اور ثقافتی طور پر مضبوط خطوں جیسے Guadelupe,Gibraltar,Martiniqque اور Curaao سے بھی شرکاء اس ایونٹ میں شامل ہیں۔ اس سال راجستھان کی نندنی گپتا ہندوستان کی نمائندگی کر رہی ہیں۔ مس ورلڈ کی افتتاحی تقریب کی ریہرسل آج بھی گچی باؤلی اسٹیڈیم میں منعقد ہوئی۔ کنٹسٹنٹس نے ایونٹ کوآرڈینیٹرس کی نگرانی میں اپنے اسٹیج مومنٹس ،کوریوگراف انٹریز اور کلچرل سیگمنٹ کی مشق کی۔

BCCI Suspend IPL:

بورڈ آف کنٹرول فار کرکٹ ان انڈیا، بی سی سی آئی نے آئی پی ایل رواں سیزن کے باقی میچوں کو ایک ہفتے کیلئے معطل کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔ ہندوستان اور پاکستان کے بیچ کشیدگی اور کشمیر کی سرحد پر کراس بارڈر سرگرمیوں کو دیکھتے ہوئے بی سی سی آئی

نے یہ فیصلہ لگیا ہے۔ بی سی سی آئی نے اپنے بیان میں کہا کہ متعلقہ حکام اور شراکت داروں سے مشاورت کر کے اور صورتحال کے جامع جائزے کے بعد ٹورنامنٹ کے نظرثانی شیڈول اور میچ کے مقامات کے بارے میں جانکاری دی جائے گی۔

Day Fact Check:

ہندوستان کی جوابی کاروائی کے بعد مایوس نظر آرہے پاکستان نے ڈیجیٹل پلیٹ فارم پر فرضی خبروں اور غلط معلومات پھیلانے کی کوشش کررہا ہے۔ اسلام آباد اپنی فوج کی غیر معمولی کامیابیوں کی فرضی خبریں پھیلا کر میڈیا کو گمراہ کرنے، غلط طریقہ سے عالمی بیانیہ مرتب کرنے اور عوام کی رائے کو تبدیل کرنے کی کوشش کررہا ہے۔

GOVT ESSENTIAL SERVICES

ملک میں لازمی خدمات کی فراہمی کو نقائص سے پاک بنانے کیلئے حکومت کی جانب سے کوئی کسر نہیں چھوڑی جارہی ہے۔ قومی سلامتی سے متعلق تشویش ناک صورتحال کے تناظر میں مختلف وزارتوں اور محکموں کی جانب سے بین وزارتی تعاون کے ساتھ اقدامات کئے جارہے ہیں۔ مرکزی وزیر صحت جے پی نڈا نے آج سینئر عہدیداروں کے ساتھ صحت کے بنیادی ڈھانچہ کو لے کر ایک اجلاس منعقد کیا۔ مرکزی وزیر خزانہ نرملا سیتارمن بھی سائبر سیکورٹی، بینکوں اور مالیاتی اداروں سے متعلق ایک جائزہ اجلاس آج شام منعقد کریں گی۔ عوامی شعبہ کے بینکوں کو ہدایت دی گئی ہے کہ وہ لوگوں کے استعمال کیلئے اے ٹی ایم، کیش ڈپازٹ اور وڈرال مشینیں اور تمام ڈیجیٹل خدمات کو جاری رکھیں۔ بینکوں نے صارفین سے کہا کہ وہ غیر مصدقہ معلومات پر بھروسہ نہ کریں۔ اسی دوران انڈین آئیل کارپوریشن نے یقین دہانی کرائی کہ ملک میں ایندھن کا وافر اسٹاک موجود ہے اور اس کی تمام سپلائی لائنیں بہتر طریقہ سے کام کررہی ہے۔ کارپوریشن نے سبھی کیلئے بلارکاوٹ ایندھن کی سپلائی کا یقین دلاتے ہوئے کہا کہ لوگ خوف میں مبتلا ہو کر غیر ضروری طور پر ایندھن کی خریدی کی کوشش نہ کریں۔

CENTRAL TERRITORIAL ARMY

مرکزی حکومت نے چیف آف آرمی اسٹاف کو اختیار دیا ہے کہ وہ فوج کی مدد یا دیگر ضرورت کے تحت ٹیری ٹوریل آرمی کے اہلکاروں اور آفسروں کو طلب کرسکتے ہیں۔ ٹیری ٹوریل آرمی رول 1948ء کے تحت فوجی سربراہ کو یہ اختیارات دئے گئے ہیں۔ وزارتِ دفاع نے اپنے گزٹ نوٹیفکیشن میں موجودہ 32 ٹیری ٹوریل آرمی کی اِن فینٹری بٹالین میں سے 14 اِن فینٹری بٹالین جو کہ جنوبی، مشرقی، مغربی، وسطی، شمالی، جنوب مغربی، انڈومان اینڈ نیکوبار کمانڈس اینڈ آرمی ٹریننگ کمانڈ کو اس

میں شامل کیا ہے۔ یہ احکامات تین برسوں تک نافذ العمل رہیں گے۔

DEFENCE MEDIA ADISORY

حکومت نے تمام میڈیا چینلز، ڈیجیٹل پلیٹ فارمس اور انفرادی افراد سے کہا کہ وہ سیکورٹی فورسس کی نقل و حرکت اور دفاعی آپریشن سے متعلق رئیل ٹائم رپورٹنگ یا لائیو کوریج سے باز رہیں۔ وزارتِ دفاع نے ایک سوشیل میڈیا پوسٹ کے ذریعہ وزارتِ اطلاعات ونشریات کے حالیہ سرکولر کا حوالہ دیتے ہوئے کہا کہ اسطرح کی حساس معلومات کے انکشاف سے آپریشنل سرگرمیاں متاثر ہوسکتی ہیں اور جانوں کو خطرہ ہوسکتا ہے۔ وزارت نے کارگل جنگ، 26/11 حملوں، قندھار یرغمالی واقعہ کا حوالہ دیا اور اس طرح کی رپورٹنگ کے نقصانات کی بات کہی۔ اڈوائزری میں کہا گیا کہ کیبل ٹیلی ویژن نٹ ورکس ترمیمی رولس کے تحت دہشت گرد مخالف آپریشنس کے دوران صرف متعلقہ عہدیداروں کی بریفنگ کی ہی اجازت رہے گی۔

CONTROL ROOM

بین الاقوامی سرحد پر کشیدگی کے تناظر میں تلنگانہ حکومت نے تلنگانہ بھون دہلی میں ایک کنٹرول روم قائم کیا ہے۔ سرحدی ریاستوں میں رہنے والے تلنگانہ کے رہائشیوں کو معلومات اور مدد کی فراہمی کیلئے یہ کنٹرول روم قائم کیا گیا ہے جو کہ 24 گھنٹے کام کرے گا۔ ضرورت کے وقت کنٹرول روم کے نمبر 0556 2338 011 پر ربط پیدا کیا جاسکتا ہے۔

TEMPLE:

ریاستی محکمہ انڈومنٹ کی ہدایت پر عمل کرتے ہوئے ملک میں سلامتی اور مسلح افواج کے تحفظ کیلئے مختلف مندروں میں خصوصی کا اہتمام کیا گیا۔ ملک بھر میں امن وامان اور مسلح افواج کی کامیابی کیلئے پرارتھنا کی گئی۔ ریاست کے تمام مندروں میں خصوصی پوجا کا اہتمام کیا گیا۔

CENTRAL MINISTER - MURLI NAIK

ہندوستان اور پاکستان کے بیچ کشیدگی کے دوران سرحد پر فوجی جوان مرلی نائیک کی شہادت پر مرکزی وزیر کوئلہ جی کشن ریڈی اور مرکزی مملکتی وزیر داخلہ بنڈی سنجے کمار نے شہید کے افراد خاندان کے ساتھ اظہار تعزیت کیا۔ دونوں وزارتوں نے کہا کہ مرلی نائک کی یہ شہادت انمول ہے اور ملک اسے کبھی فراموش نہیں کرسکتا۔ انہوں نے شہید کے گھر والوں کو تمام طرح کی مدد کا تیقن دیا۔

SEED

کمرم بھیم آصف آباد ضلع کے پنچی کلا پیٹا میں ٹاسک فورس اہلکاروں نے کارروائی کرتے ہوئے چار کنٹل کپاس کے خراب بیجوں کو ضبط کیا۔ حکام کے مطابق چار افراد کو حراست میں لیا گیا اور دو گاڑیوں کو بھی ضبط کیا گیا۔ دیگر اضلاع سے خراب بیجوں کی منتقلی کی معتبر اطلاع کے بعد ٹاسک فورس نے تلاشی کارروائی انجام دی تھی۔

CONSTABLE

ریاستی وزیر ٹرانسپورٹ پونم پربھاکر نے کل ماؤسٹوں کے ایک دھماکہ میں شہادت پانے والے گرے ہانڈ کے کانسٹیبل سریدھر کے افرادِ خاندان کو ہر ممکن مدد کا یقین دلایا ہے۔ ریاستی وزیر نے پالا ونچا میں شہید کانسٹبل کی آخری رسومات میں شرکت کی۔ اس موقع پر پونم پربھاکر نے ماؤنوازوں سے تشدد کا راستہ ترک کرتے ہوئے انہیں مذاکرات کی میز پر آنے کا مشورہ دیا۔ ظہیر آباد کے رکن پارلیمنٹ سریش شٹکر، عوامی نمائندوں اور کئی سرکاری عہدیداروں نے آخری رسومات میں حصہ لیا۔

AGRICULTRE

ریاستی وزیر زراعت تملا ناگیشور راؤ نے سیتا راما لفٹ اریگیشن پراجکٹ کے اکیڈک کے پلر کے تعمیراتی کاموں میں تیزی لانے کی ہدایت دی۔ ریاستی وزیر نے آج میڈارم میں کنال کے کاموں کا معائنہ کیا۔ انہوں نے مانسون تک کام مکمل کرنے کی ہدایت دی۔ کینال کے کام مکمل ہونے سے متحدہ کھمم ضلع کی تقریباً 30 ہزار ایکر اراضی کو سیراب کیا جاسکے گا۔

LAW AND ORDER:

تلنگانہ کے نائب وزیر اعلیٰ ملو بھٹی وکرامارکہ نے ریاست کی امن وضبط صورتحال کے جائزہ کیلئے ایک اعلیٰ سطحی اجلاس کی صدارت کی۔ ریاستی وزیر ڈی سریدھر بابو، پونم پربھاکر، جوپلی کرشنا راؤ، ریاستی چیف سکریٹری راما کرشنا راؤ، اسپیشل چیف سکریٹری جیش رنجن، ڈی جی پی ڈاکٹر جتندر اور دیگر سینئر حکام نے اس اجلاس میں شرکت کی۔ کہا جارہا ہے کہ ملک کے موجودہ حالات کے تناظر میں ریاست کی صورتحال پر تبادل خیال کیا گیا۔ اس موقع پر دیگر ریاستوں میں رہنے والے طلبہ کا تعاون کرنے پر بھی بات ہوئی۔

MAOISTS

38 ماؤنوازوں بشمول 8 خواتین نے بھدادری کوتہ گوڑم ضلع کے ایس پی روہیت راج کے روبرو خودسپردگی کی۔ ایس پی نے میڈیا کو بتایا کہ اِن ماؤنوازوں نے آپریشن چے یوتا سے متاثر ہوکر خودسپردگی کی۔ فوری امداد کے طور پر ایس پی نے ہر ایک کو 25 ہزار روپے حوالہ کئے۔ رواں سال اب تک 265 ماؤنوازوں نے خودسپردگی کی ہے۔